سوال

(192) نماز جنازہ میں تکبیرات کے وقت رفع الیدین کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نماز جنازہ میں تکبیرات کے وقت رفع الیدین کرنا احادیث سے ثابت ہے؟ اس سلسلہ میں واضح مؤقف کی نشاندہی کریں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز جنازہ پڑھتے وقت تکبیرات کے موقع پر رفع الیدین کرنا ثابت ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ جنازے کی ہر تکبیر پر رفع الیدین کرتے تھے۔ [1]

حافظ ابن حجر رحمة اللہ علیہ نے اس کی سند کو صحیح کہا ہے۔ [2]

اس سلسلہ میں ایک مرفوع حدیث بھی بیان کی جاتی ہے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز جنازہ پڑھتے تو ہر تکبیر کے وقت رفع الیدین کرتے تھے اور جب نماز ختم کرتے تو سلام پھیرتے تھے۔ [3]

بہر حال حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اتباع سنت کے متعلق بہت حساس طبیعت رکھتے تھے، ان سے نماز جنازہ میں تکبیرات کے وقت رفع الیدین کرنا ثابت ہے لہٰذا اس کا اہتمام کرنا چاہیے۔ رفع الیدین نہ کرنے سے متعلق جو احادیث پیش کی جاتی ہیں وہ صحیح سند سے ثابت نہیں ہیں، واللہ اعلم۔

---

[1] بیہقی، ص: ۴۴، ج۴۔

[2] تلخیص الجبیر، ص: ۱۴۶، ج۲۔

[3] کتاب العلل للدارقطنی، ص: ۲۲، ج۲۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:3، صفحہ نمبر:183

محدث فتویٰ